سُورَةُ البَقَرَةِ مَدْنِيَةٌ

﴿ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ﴾ (2:78)

لغوی وضاحت

أُمِّيُّونَ	فعل ثلاثی مجرد میں باب(ن) سے أَمًّا
ء م م	أُمِّيٌّ جمع أُمِّيُّونَ اسم نسبت ہے جونہ لکھ سکے اور نہ پڑھ سکے۔اس کی نسبت کے بارے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک اُمِّی اس امت یا قوم کیطرف منسوب ہے جو لکھناپڑھنانہ جانتی ہو اور عرب اس لحاظ سے دوسری قوموں سے ممتاز تھے کہ ان کی اکثریت لکھناپڑھنانہ جانتی تھی چنانچہ عربوں کی اس مخصوص صفت کیوجہ سے ان پڑھ آدمی کو اُمِّی کہاجانے لگا۔بعض کے نزدیک اُمِّی لفظ اُمّ کیطرف منسوب ہے کیونکہ ان پڑھ شخص کی حالت گویو وہی ہوتی ہے جس حالت میں اس کو اس کی ماں نے جنا تھا اس لحاظ سے اس کی نسبت اس کی نسبت ماں کیطرف کی جانے لگی۔بعض حضرات اُمِّی کی نسبت اُمّ القری یعنی مکہ کیطرف کرتے ہیں۔ قرآن مجید میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمِّی کہا گیا ہے اور اس سے ایک طرف تو قرآن مجید اپنے اعجاز کو ثابت کررہا ہے اور دوسری طرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ یعنی قرآن مجید کیطرف توجہ دلائی جارہی ہے کہ باوجود اُمِّی ہونے کے آپ کمال علوم سے سرفراز تھے اور اس لحاظ سے لفظ اُمِّی آپ کے حق میں صفت مدح ہے اور دوسروں کے حق میں

	نہیں۔یہ صفت آپ کے لئے باعث فضیلت تھی۔جیسے صفت تکبر اللہ تعالی کی ذات کیلئے صفت مدح ہے اور غیر اللہ کیلئے قابل مذمت۔
أَمَانِيُّ م ن ي	فعل ثلاثی مجرد میں باب(ض) سے مَنْيًا کسی چیز کا اندازہ کرنا یعنی مقدر کرنا، کسی کو کسی چیز میں مبتلا کرنا، آزمائش کرنا۔ أُمْنِيَّةٌ جمع أَمَانِيُّ اسم ذات ہے یہ لفظ 3 معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ 1: اندازہ، تخمینہ 2: تمنا، خواہش، آرزو اور جھوٹ۔امام راغب فرماتے ہیں کسی چیز کی تمنا سے جو صورت ذہن میں آتی ہے اسے امنیہ کہتے ہیں اور جھوٹ چونکہ کسی غیر واقعی چیز کا تصور کر کے اسے لفظوں میں بیان کر دینے کو کہتے ہیں اس لئے امنیہ کو جھوٹ سے تعبیر کر دینا بھی صحیح ہے۔ 3: قراءت، تلاوت

لفظي ترجمة

﴿ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ﴾ (2:78)

اور بعض ان میں ان پڑھ ہیں کہ اپنے باطل خیالات کے سوا (خدا کی) کتاب سے واقف ہی نہیں اور وہ صرف ظن سے کام لیتے ہیں۔

And there are among them illiterates who know not the Book but only lies, and they do but conjecture.